786/92

اگر گیتی سراسر باد گیرد
چراغِ چشتیاں ہرگز نہ میرد

چشتی جنتری

۱۴۴۴-۴۵ھ 2023ء

حسب فرمائش

پیر طریقت حضرت مولانا الحاج شاہ سید عین الدین احمد چشتی صاحب قبلہ مدظلہ العالی


شائع کردہ

سید سلمان چشتی

خانقاہِ چشتیہ

چھوٹا شیخپورہ، ہسوا، نوادہ، بہار


موبائل نمبر: 9939556786,9334377729



حمد

سب نام ہیں گم جس میں وہ ہے نام خدا کا
یہ کام ہے، وہ کام ہے، ہر کام خدا کا
مسجود کہیں غیر نہ معبود کہیں غیر
بندہ ہے ہر اک بندۂ اصنام خدا کا
بت خانہ عالم میں ہے ہر بت صفت اُس کی
تعظیم بتوں کی بھی ہے اکرام خدا کا
آغاز اُسی کا ہے ہر انجام اُسی سے
آغاز خدا کا ہے نہ انجام خدا کا
ہر کافر ومومن کا وہ مومن وہ ہے من
ہر کفر خدا کا ہے ہر اسلام خدا کا
ہر نامہ، حقیقت میں یہاں جمۂ حق ہے
ہر رنگ میں پیغام ہے پیغام خدا کا
ہر آن کے دل میں ہے امانت سخن حق
ہر چیز یہاں لائی ہے پیغام خدا کا

حضرت بابا ذہین شاہ تاجی
رحمۃ اللہ علیہ



نعت پاک



کوئی سلیقہ ہے آرزو کا نہ بندگی میری بندگی ہے
یہ سب تمہارا کرم ہے آقا کہ بات اب تک بنی ہوئی ہے
کسی کا احسان کیوں اٹھائیں کسی کو حالات کیوں بتائیں
تمہیں سے مانگیں گے تم ہی دوگے تمہارے در سے ہی لو لگی ہے
تجلیوں کے کفیل تم ہو مراد قلب خلیل تم ہو
خدا کی روشن دلیل تم ہو یہ سب تمہاری ہی روشنی ہے
تمہیں ہو روح روان ہستی سکوں نظر کا دلوں کی مستی
ہے دو جہاں کی بہار تم سے تمہیں سے پھولوں میں تازگی ہے
شعور وفکر ونظر کے دعوے حد تعین سے بڑھ نہ پائے
نہ چھو سکے ان بلندیوں کو جہاں مقام محمدی ہے

نظر نظر رحمت سراپا ادا ادا غیرت مسیحا
ضمیر مردہ بھی جی اٹھے ہیں جدھر تمہاری نظر اٹھی ہے
عمل کی میرے اساس کیا ہے بجز ندامت کے پاس کیا ہے
رہے سلامت تمہاری نسبت مرا تو اک آسرا یہی ہے
عطا کیا مجھ کو درد الفت کہاں تھی یہ پر خطا کی قسمت
میں اس کرم کے کہاں تھا قابل حضورؐ کی بندہ پروری ہے
انہی کے در سے خدا ملا ہے انہیں سے اس کا پتہ چلا ہے
وہ آئینہ جو خدا نما ہے جمال حسن حضور ہی ہے
بشیر کہیے نظیر کہئے انہیں سراج منیر کہئے
جو سر بسر ہے کلام ربی وہ میرے آقا کی زندگی ہے
ہم اپنے اعمال جانتے ہیں ہم اپنی نسبت سے کچھ نہیں ہیں
تمہارے در کی عظیم نسبت متاع عظمت بنی ہوئی ہے
یہی ہے خالد اساس رحمت یہی ہے خالد بنائے عظمت
نبی کا عرفان بندگی ہے نبی کا عرفان زندگی ہے

تضمین بر منقبت

حضرت شاہ نیاز احمد چشتی نظامی بریلوی قدس سرہٗ

پیشوائے جہاں معین الدین
قبلۂ عارفاں معین الدین
کعبۂ عاشقاں معین الدین
خواجۂ خواجگاں معین الدین
فخرِ کون و مکاں معین الدین

والیِ چشتیاں معین الدین
مونس بیکساں معین الدین
ہادیِ ہادیاں معین الدین
سرّ حق را بیاں معین الدین
بے نشاں را نشاں معین الدین

ان سے قایم ہے جاہِ نورِ قدم
ان پہ قرباں ہے ماہِ نورِ قدم
ان سے روشن ہے راہِ نورِ قدم
مظہر و جلوہ گاہِ نورِ قدم
آفتابِ جہاں معین الدین

اسوۂ پارسائے اہلِ صفا
نسخۂ کیمیا ئے اہلِ صفا
مرکزِ اولیائے اہلِ صفا
مرشد و رہنمائے اہلِ صفا
ہادیِ انس و جاں معین الدین

ارث حسنی حسینی کے وہ امیں
ایسا صابر نظر نہ آئے کہیں
کردی ہموار راہِ حق کی زمیں

عاشقاں را دلیل راہِ یقیں
سرّ راہِ گماں معین الدین

عالم معرفت کی جاہ و شاں
تیرگی میں ضیائے کاہ کشاں
منزلِ لا مکاں کا نورِ نشاں
خواجۂ لا مکاں و قدسِ مکاں
آسماں آستاں معین الدین

وہ ہیں منزل، تو 'امجدی راہی
ان کی محتاج ہے شہنشاہی
کیوں نہ شے ہاتھ آے من چاہی
قربِ حق اے نیازؔ اگر خواہی
سازِ وردِ زباں معین الدین

از- جناب ڈاکٹر شاہ التفات امجدی چشتی صابری
خانقاہ امجدیہ سیوان (بہار)

موہے اپنے ہی رنگ میں رنگ دے محبوب الٰہی

موہے اپنے ہی رنگ میں رنگ دے رنگیلے
تو تو صاحب میرا محبوب الٰہی
ہمری چدریا پیا کی پگریا دونوں بسنتی رنگ دے
تو تو صاحب میرا محبوب الٰہی
جوتو مانگے رنگ کی رنگائی میرا جوبن گروی رکھ لے
تو تو صاحب میرا محبوب الٰہی
آن پری تورے درواجے پر مری لاج شرم سب رکھ لے
تو تو صاحب میرا محبوب الٰہی
نجام الدین اولیا ہیں پیر میرو پریم پیت کا سنگ دے
تو تو صاحب میرا محبوب الٰہی

(امیر خسرو)

سلطان العارفین خواجہ حضرت
سید شاہ سلطان احمد چشتی شیخ پوروی قدس سرہٗ

پیکر حسن و جمال، صاحب فضل و کمال، منبع علم و حکمت، تاجدار ولایت، سلطان العارفین حضرت سید شاہ سلطان احمد چشتی قدس سرہٗ آستانہ عالیہ خواجہ سید عبداللہ چشتی علیہ الرحمہ، خانقاہ چشتیہ چھوٹا شیخ پورہ نوادہ کے ۹ ویں سجادہ نشیں تھے۔ آپ تمام کمالات انسانی سے آراستہ اور علوم ظاہری و باطنی کے جامع تھے، زہد و تقویٰ، عبادت و ریاضت، ولایت اور فقر و درویشی میں کمال رکھتے تھے۔ آپ کی ولادت بتاریخ 4 شعبان 1319ھ موافق 1901ء کو آبائی وطن چھوٹا شیخپورہ نوادہ میں ہوئی، آپ کا اسم گرامی سید سلطان احمد کنیت ابو محمد تاریخی نام محمد مظہر امام ہے۔ اور ابتدائی تعلیم اپنے والد بزرگوار کے زیر سایہ ہوئی اس کے بعد مدرسہ انوار العلوم گیا کے معزز مشائخ

کی صحبت میں رہ کر علوم عقلیہ و نقلیہ سے آراستہ ہوئے۔ بعد ازاں پھلواری شریف پٹنہ میں فیاض المسلمین حضرت شاہ بدرالدین پھلواروی قدس سرہٗ کی خانقاہ میں کشاں کشاں پہنچے، اور ایک مدت تک ان کی خدمت میں رہ کر کسب فیض کیا۔ حضرت سلطان العارفین قدس سرہٗ نے اپنے والد حضرت خواجہ سید احمد حسین چشتی قدس سرہٗ سے جمیع سلاسل کی تحریری اجازت و خلافت اور خاندانی و برکات سے مشرف و بہرہ یاب ہوئے۔ علاوہ آپ نے حضرت مولانا شاہ بدرالدین پھلواروی قدس سرہٗ سے بھی سلاسل چشتیہ صابریہ، عمادیہ ، مجیبیہ کی اجازت و خلافت حاصل کیا۔ آپ کو جو آبائی اجازت اپنے والد بزرگوار سے حاصل ہوئی اسے کتاب شجرہ عالیہ چشتیہ میں خلافت نامہ کے طور پر لکھتے ہیں: فقیر سید سلطان احمد چشتی کو اپنے والد حضرت سید شاہ احمد حسین چشتی قدس سرہٗ سے بتاریخ 13 جماد الاول بروز دوشنبہ 1323ھ کو تحریری اجازت و خلافت ملی ہے، اور حضرت سید شاہ احمد حسین چشتی قدس سرہٗ کو اپنے والد حضرت سید شاہ

شجاعت حسین چشتی قدس سرہٗ سے ملی ہے اور حضرت سید شاہ شجاعت حسین چشتی قدس سرہٗ کو دو بزرگوں سے اجازت ملی ہے۔ سلسلہ چشتیہ بہشتیہ حضرت خواجہ سید عبداللہ چشتی مودودی بھکری شیخپوروی قدس سرہ کی اجازت حضرت سید شاہ شجاعت حسین چشتی قدس سرہٗ اپنے والد حضرت سید شاہ فخر الدین حسین چشتی قدس سرہٗ سے ملی ہے اور ان کو حضرت سید شاہ رحمان حسین چشتی قدس سرہٗ سے اور ان کو حضرت سید شاہ ملیح چشتی قدس سرہٗ سے اور ان کو حضرت سید شاہ فصیح چشتی قدس سرہٗ سے اور ان کو حضرت خواجہ سید عنایت اللہ چشتی قدس سرہ سے اور ان کو حضرت سید شاہ حاجی تاج محمود حقانی چشتی قدس سرہٗ سے اور ان کو حضرت خواجہ قطب الدین قطب ثانی چشتی قدس سرہٗ سے اور ان کو اپنے والد حضرت خواجہ سید عبداللہ چشتی قدس سرہٗ (صاحب ولایت چھوٹا شیخپورہ شریف ضلع نوادہ) سے اپنے والد حضرت سید اسد اللہ سلطان گنج نشیں چشتی بھکری شیخپوروی قدس سرہ سے سلسلہ جاری ہے۔ یہاں تک کل بزرگوں کی مزار شیخپورہ شریف

ضلع نوادہ میں واقع ہے۔ اور حضرت جد مکرم سید شاہ شجاعت حسین چشتی شیخپوروی قدس سرہ کو دوسری اجازت حضرت سید شاہ عطا حسین فانی دانا پوری ثم گیاوی قدس سرہٗ سے ان کو حضرت سید شاہ غلام حسین دانا پوری قدس سرہ سے ان کو حضرت مخدوم منعم پاک عظیم آبادی سے سلسلہ چشتیہ قادریہ نقشبندیہ سہروردیہ وغیرہ کل سلسلوں کی اجازت ملی اور یہ سب جاری ہیں۔ (شجرہ چشتیہ قلمی) حضرت سلطان العارفین قدس سرہٗ مختلف الجہات شخصیت تھے، ظاہری حسن و جمال، باطنی جاہ و جلال اور بے پناہ کمالات عرفانی سے آراستہ اور مزین تھے اور آپ نے بے شمار لوگوں کو اپنی علمی و روحانی فیوض سے سرفراز فرمایا، بہار اور جھارکھنڈ کے قصبات میں آپ نے کافی تبلیغی دورے فرمائے، ان دوروں کا مقصد فقط لوگوں کی اصلاح و ہدایت ہوتی تھی، آپ کے عمدہ اخلاق و عادات، حسن سیرت و صورت دیکھ کر لوگ گرویدہ ہو جاتے اور سینکڑوں افراد آپ کے دست حق پرست پر بیعت ہوئے۔ تصنیفات: میلاد النبی، علاج النبوی، رسالہ

انساب، مجربات سلطانی، رسالہ تعویزات و دعائیں، رسالہ جواز تعزیہ، بیاض عمل و معمول، بیاض سلطانی، وظائف و اعمال کا مجموعہ کشف الاسرار آپ کے تین صاحبزادے اور دو صاحبزادیاں ہوئیں۔ 1 حضرت سید شاہ قطب الدین احمد چشتی قدس سرہٗ 2 ڈاکٹر سید قیام الدین چشتی 3 حضرت سید محمد ضیاء الدین چشتی 4 سیدہ معینہ خاتون زوجہ جناب سید منصور احمد شیر گھاٹی 5 سیدہ ریحانہ خاتون زوجہ مرحوم سید فیاض الدین حیدر دائرہ بہار شریف آپ قریب پچاس سال تک مسند سجادگی پر رونق افروز رہے اور 14 ذیقعدہ 1382ھ بروز منگل کو رفیق اعلی سے جا ملے۔ مزار شریف آپ کا اسی بستی کے جامع مسجد سے متصل زیارت گاہ خلائق ہے۔ (تذکرہ سجادگان خانقاہ چشتیہ چھوٹا شیخپورہ نوادہ بہار)

سراسر مطلع انوار احمد مزار سید سلطان احمد علیہ الرحمہ

قطع تاریخ

یہاں پہ بیکس و بے بس ہے عقل انسانی
کسی کو کیا خبر کیا ہے نظام ربانی

حفیظ لب پہ ہے تاریخ آنکھ میں آنسو
غروب حیف ہوا آہ چاند سلطانی

۱۳۸۲ھ

نتیجۂ فکر:

حضرت عبدالحفیظ چشتی حفیظ عظیم آبادی

نمازِ جنازہ

جنازے کی نماز فرض کفایہ ہے یعنی میت کے محلے والوں میں سے ایک نے بھی پڑھ لی تو سب بری الذمہ ہو جائیں گے۔ یعنی جس کو موت کی خبر پہنچی اور اس نے نہ پڑھی تو گنہ گار رہوا۔ اس کے فرض ہونے کا جو انکار کرے، وہ کافر ہے۔

یاد رکھنے کی بات: نماز جنازہ کے لیے جماعت شرط نہیں، ایک شخص بھی پڑھ لے تو فرض ادا ہو گیا۔ (عالم گیری)

اس کا طریقہ یہ ہے کہ نمازِ جنازہ کی نیت کر کے کانوں تک ہاتھ اٹھا کر اللہ اکبر کہتا ہوا ہاتھ نیچے لائے اور ناف کے نیچے حسب دستور باندھ لے پھر ثنا پڑھے: پھر ہاتھ اٹھائے بغیر اللہ اکبر کہے اور درود شریف پڑھے۔ بہتر ہے کہ وہی درود پڑھے جو نماز میں پڑھی جاتی ہے۔ پھر اللہ اکبر کہے اور میت کی دعا پڑھے۔

یاد رکھنے کی بات: نمازِ جنازہ چار تکبیروں کے ساتھ رکوع اور سجدہ کیے بغیر پڑھی جاتی ہے۔

ثنا جو نماز جنازہ میں پڑھی جاتی ہے: سُبْحَانَكَ اَللّٰهُمَّ بِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ۔

مٹی دینے کا طریقہ: سرہانے کی طرف دونوں ہاتھوں سے تین بار مٹی ڈالیں۔ پہلی بار مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ کہیں، دوسری بار وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ کہیں اور تیسری بار وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى کہیں۔ دفن کرنے کے بعد قبر پہ اذان دینا جائز اور مستحسن ہے۔

دعائے میت بالغ مرد و عورت کے لیے: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا وَاُنْثَانَا اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا فَاَحْيِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَى الْاِيْمَانِ۔

دعائے میت نابالغ بچہ کے لیے: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا اَجْرًا وَّذُخْرًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا شَافِعًا وَّمُشَفَّعًا۔

دعائے میت نابالغ بچی کے لیے: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْهَا لَنَا اَجْرًا وَّذُخْرًا وَّاجْعَلْهَا لَنَا شَافِعَةً وَّمُشَفَّعَةً۔

نقشہ زکوٰۃ

دس روپے سے ایک لاکھ روپے تک زکوٰۃ نکالنے کا آسان طریقہ

مقدار رقم	مقدار زکوٰۃ	مقدار رقم	مقدار زکوٰۃ
10/-	00.25/-	1000/-	25/-
40/-	1.00/-	2000/-	50/-
100/-	2.50/-	3000/-	75/-
200/-	5.00/-	4000/-	100/-
300/-	7.50/-	5000/-	125/-
400/-	10.00/-	6000/-	150/-
500/-	12.50/-	7000/-	175/-
600/-	15.00/-	8000/-	200/-
700/-	17.50/-	9000/-	225/-
800/-	20/-	10000/-	250/-
900/-	22.50/-	100000/-	2500/-

تعزیہ اور ہے مروجہ تعزیہ داری اور ہے

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری فاضلِ بریلوی علیہ الرحمۃ والرضوان ''اعالی الافادہ فی تعزیہ الهند و بیان الشہادۃ'' میں تعزیہ داری کا حکم بیان کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں: کہ ''تعزیہ کی اصل اس قدر تھی کہ روضۂ پرنور حضور شہزادۂ گلگوں قبا حسین شہید ظلم و جفا صلوٰت اللہ تعالیٰ وسلامہ علیٰ جدہ الکریم وعلیہ کی صحیح نقل بنا کر بنیت تبرک مکان میں رکھنا اس میں شرعاً کوئی حرج نہ تھا۔ تعزیہ کا جلوس آگے پیچھے ڈھول تاشہ، باجہ گاجا، فلمی گیت، جاندار کی تصویر، عورتوں کا ہجوم اور اسی طرح کے دیگر خرافات جو آج کل تعزیہ داری میں کئے جاتے ہیں ناجائز و حرام ہیں۔ یاد رہے کہ اعلی حضرتؒ نے تعزیہ میں خرافات کی وجہ سے مروجہ تعزیہ کو ناجائز و حرام کہا ہے، نا کہ مطلق تعزیہ کو اور یہی موقف خانقاہ چشتیہ شیخ پورہ کا ہے۔ مطلق تعزیہ کو حرام کہنے والے بدعقیدہ حضرات ہیں۔ واللہ اعلم

فالنامۂ لاثانی برائے اشرف المخلوقات

فال دیکھنے کی ترکیب: آپ ہندو ہوں یا مسلمان، جو مذہب بھی آپ کا ہے بوقت دیکھنے فال کے خدا کی طرف اپنے خیال کو یکسو کیجئے اور کوئی اپنے مذہب کی بزرگ چیز پڑھ کر جو مطلوب ہو، اس کو دل میں کہہ کر ذیل میں لکھے ہوئے ہندسوں میں سے کسی ہندسہ پر انگشت شہادت رکھئے اور جس نمبر پر آپ کی انگشت شہادت پڑے اس نمبر کا مضمون پڑھئے، اپنے سوال کا جواب پائیں گے یا ضمیر سے جواب سمجھئے۔ بعد فال دیکھنے کے جس مقام پر فالنامہ تل بتائے اپنے جسم پر اس کو دیکھ لیجئے تاکہ آپ کو اپنے سوال کے جواب کا پورا یقین ہو جائے۔

واللہ اَعلم بالصواب

۷	۴	۵	
۹	۱	۶	۲
۸	۳	۱۰	

۱ جو کچھ مقصد رکھتا ہے، بر آئے گا اور جو کچھ ہاتھ میں آئے گا اور روزگار وسیلہ کسی شخص موافقت دار کے ہو جائے گا۔ اگر یقین نہ ہو تو اوپر منہ کے تل ہے۔

۲ اس فال سے مقصد حصول ہوں۔ خوشی کے بھادوں آویں گے لڑکا بھی جلد پیدا ہوگا۔ روزگار بہتر ہو جائے گا عبادت الٰہی کر۔ اگر یقین نہ ہو تو کان پر تل ہے۔

۳ بھائی بہن اور لڑکوں سے خوشی حاصل ہو، کچھ زمین سے پاوے گا اور دن خوشی کے کنوار سے آویں گے۔ اگر یقین نہ ہو تو اوپر بھوؤں کے تل ہے۔

۴ اس فال سے ظاہر ہے کہ مطلب حاصل ہرگز نہ ہوگا ناحق بات کھوتا ہے۔ تو دشمن کے کہنے پر خیال مت کر کہ وہ تجھ پر غالب ہے، اگر یقین نہ ہو تو پہلو پر تِل ہے۔

۵ اس فال سے معلوم ہوا کہ روزگار پچھّم یا دکن سے تھوڑے عرصے میں ظاہر ہوگا اور مطلب حسب کہنے تیرے کے عنایت ایزدی سے جلد ہوگا۔ اور نیک دن آئے۔ اگر یقین نہ ہو تو ہتھیلی پر یا پسلی پر تِل ہے۔

۶ اس فال سے معلوم ہوا کہ لڑکا تھوڑے دنوں میں پیدا ہوگا اور روزگار حسب دل خواہ و ارادہ دلی حاصل ہوگا۔ کسی سے لڑائی ہوگی۔ اگر یقین نہ ہو تو ہاتھ پر تل ہے۔

۷ اس فال سے معلوم ہوا کہ کچھ زمین سے پاوے گا۔ اور عورت بھی سزاوار اور نیک طالع شیریں سخن طرف پورب واتر سے ملے، ارادہ دلی حاصل ہوگا۔ اگر یقین نہ ہو تو شکم پر تِل ہے۔

۸ اس فال سے معلوم ہوا کہ مطلب تیرا حل نہ ہوگا اور دن گردش کے ہیں، جو کام کرے گا نقصان پاوے گا، اور دن خوشی کے کاتک میں آویں گے۔ اگر یقین نہ ہو تو زانو پر تِل ہے۔

۹ اس فال سے معلوم ہوا کہ لڑکا پیدا ہوگا اور روزگار ہو جائے، مطلب حاصل ہو، دشمن سے خبردار ہو مگر ہراساں مت ہو۔ اگر یقین نہ ہو تو پیروں پر تِل ہے۔

۱۰ اس فال سے معلوم ہوا کہ دولت ہاتھ آئے گی اور طرح طرح کی خوشی دیکھے گا۔ اگر یقین نہ ہو تو رخسار پر تل ہے۔

قربانی و عقیقہ

قربانی ایک مالی عبادت ہے جو ہر مالدار پر واجب ہے۔ خاص جانور کو خاص دن میں اللہ کی رضا کے لیے ثواب کی نیت سے ذبح کرنا قربانی ہے۔ مسلمان، مقیم، مالک نصاب، آزاد پہ قربانی واجب ہے۔ مرد کی طرح اگر عورت بھی مالک نصاب ہے تو اس پر بھی واجب ہے۔ (درمختار)

قربانی کا وقت: تین دن اور تین راتیں، دسویں ذی الحجہ کی صبح صادق سے بارہویں ذی الحجہ کے سورج ڈوبنے تک ہے لیکن دسویں تاریخ یعنی پہلا دن سب میں افضل ہے پھر گیارہویں پھر بارہویں۔

قربانی کا طریقہ: قربانی کے جانور کو ذبح سے پہلے چارہ پانی دے دیں، پہلے سے چھری تیز کر لیں جانور کے سامنے تیز نہ کریں۔ پھر جانور کو بائیں پہلو پر اس طرح لٹائیں کہ اس کا منہ قبلہ کی طرف ہو اور ذبح کرنے والا اپنا داہنا پاؤں اس کے پہلو پر رکھ کر تیز چھری سے جلد ذبح کرے اور ذبح سے پہلے یہ دعا پڑھے: اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ۔ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُكِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَبِذَالِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ۔ اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَر۔

دعا ختم کرتے ہی چھری چلا دے پھر قربانی اپنی طرف سے ہو تو ذبح کے بعد یہ دعا پڑھے: اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّیْ كَمَا تَقَبَّلْتَ مِنْ خَلِیْلِكَ اِبْرَاهِیْمَ وَحَبِیْبِكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ۔

اور کسی دوسری کی طرف سے ہوتو اس دعا میں مِنِّی کی جگہ مِنْ فُلَان کہے (یعنی اس کا نام لے) اور اگر بڑا جانور ہے اور قربانی میں کئی لوگ شریک ہوں تو فلاں کی جگہ سارے شریکوں کا نام لے۔

عقیقہ: بچہ یا بچی پیدا ہونے کے شکریے میں جو جانور رضائے الٰہی کے لیے ثواب کی سنت سے جو جانور ذبح کیا جاتا ہے، اس کو عقیقہ کہتے ہیں۔عقیقہ کرنے کا طریقہ قربانی ہی کی طرح ہے۔اس کی دعا یہ ہے: اَللّٰهُمَّ هٰذِهٖ الْعَقِيْقَةُ لِاِبْنِیْ فُلَانٍ دَمُهَا بِدَمِهٖ وَلَحْمُهَا بِلَحْمِهٖ وَعَظْمُهَا بِعَظْمِهٖ وَجِلْدُهَا بِجِلْدِهٖ وَشَعْرُهَا بِشَعْرِهٖ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا فِدَاءً لِاِبْنِیْ مِنَ النَّارِ۔ اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفاً وَّ مَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ۔ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُكِیْ وَمَحْيَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَبِذَالِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ۔ اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَر۔ کہہ کر ذبح کرے۔

یاد رکھنے کی چیزیں: عقیقہ کے لیے ساتواں دن بہتر ہے۔اگر ساتویں دن میں نہ کر سکیں تو جب ہو سکے عقیقہ کریں، سنت ادا ہو جائے گی۔بچے کے لیے نر جانور اور بچی کے لیے مادہ جانور مناسب ہے۔

اگر عقیقے کی دعا یاد نہ ہو تو صرف بسم اللہ اللہ اکبر کہہ کر ہی ذبح کر سکتا ہے، عقیقہ ہو جائے گا۔

نسب نامہ سجادگان خانقاہِ چشتیہ

- قطب العصر خواجہ سید عبداللہ چشتی مودودی بھکری قدس سرہٗ
بانی خانقاہ چشتیہ چھوٹا شیخ پورہ نوادہ بعہد ہمایونی وفات بتاریخ 14 رجب
- حضرت خواجہ سید قطب الدین ثانی چشتی مودودی
وفات بتاریخ 14 شعبان المعظم
- حضرت خواجہ سید تاج محمود حقانی چشتی قدس سرہٗ
بعہد شاہجہانی وفات بتاریخ 14 جمادالآخر
- حضرت خواجہ سید عنایت اللہ چشتی مودودی قدس سرہٗ
وفات بتاریخ 20 ذی قعدہ
- حضرت خواجہ سید فصیح چشتی مودودی قدس سرہٗ
وفات 26 ذی الحج 1192ھ
- حضرت خواجہ سید ملیح چشتی مودودی قدس سرہٗ
4 جمادالاوّل 1217ھ

- حضرت خواجہ سید رحمان حسین چشتی مودودی قدس سرہٗ
وفات 27 رمضان المبارک 1235ھ
- حضرت خواجہ سید فخر الدین چشتی مودودی وفات 19 محرم 1262ھ
- حضرت خواجہ سید شجاعت حسین چشتی مودودی قدس سرہٗ
وفات 25 صفر المظفر 1307ھ
- حضرت خواجہ سید احمد حسین چشتی مودودی قدس سرہٗ
وفات 14 ربیع الاول 1341ھ
- حضرت خواجہ سید سلطان احمد چشتی مودودی قدس سرہٗ
وفات 14 ذی قعدہ 1382ھ
- حضرت خواجہ سید قطب الدین احمد چشتی مودودی قدس سرہٗ
وفات 17 شوال المکرم 1417ھ

پیر طریقت سید شاہ عین الدین چشتی موجودہ سجادہ نشین و متولی درگاہ حضرت خواجہ عبداللہ چشتی علیہ والرضوان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْقَاهِرِيْنَ، سَيْفُ اللّٰهِ عَلٰى اَعْدَاءِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔ (اول آخر پانچ مرتبہ)

دعا ردِّ سحر

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ كُلِّ سَاحِرٍ وَ كُلِّ خَلْقٍ يَأْخُذُ الْمَرَاصِيَةَ مِنْ طَرْفِ الْمَوَارِدِ اِنَّهَا بِاللّٰهِ الْاَعْلٰى وَ نَفْسِهِ الَّتِيْ لَمْ يُرَمْ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ، وَحِجَابُ اللّٰهِ دُوْنَ اِلَيْهِمْ۔ اَيُظَفِّرُوْنَهٗ لَا فِيْ رِضَاعٍ وَلَا فِيْ فِطَامٍ اَوَّلَ اللَّيْلِ وَ اٰخِرَ النَّهَارِ وَ مُعَاوَنَتُهُ الْكِتٰبُ الْعَزِيْزُ، لَا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ يَابِسٍ وَرَطْبٍ، مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَصَحْبِهِ الْمُهْتَدِيْنَ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا۔

(تین مرتبہ صبح شام)

مدرسہ چشتیہ سلطان الہند

چشتی نگر، کیولا چوپارن، ہزاری باغ

سلطان الہند سرکار غریب نواز اور اولیائے کرام کے مذہبی وروحانی مشن کی روشنی پھیلانے کی غرض وغایت سے حضرت سلطان العارفین سید شاہ سلطان احمد چشتی شیخ پوروی علیہ الرحمۃ والرضوان خانقاہ چشتیہ شیخ پورہ نوادہ کی یادگار میں قائم شدہ مدرسہ ہذا اپنی تعلیمی خدمات کی بنیاد پر محتاج تعارف نہیں ہے۔ اہل کیولا کی خصوصی توجہ اور آپ سب حضرات کے بھرپور تعاون سے مقامی وبیرونی طلباء وطالبات اس سرچشمہ علم وادب سے سیرابی حاصل کررہے ہیں۔

انشاء اللہ العزیز امسال بھی مدرسہ ہذا کے کئی طلبائے کرام کے سروں پر حفظ قرأت کی دستار باندھی جائے گی۔ لہٰذا آپ دردمندانِ ملت بھرپور تعاون فرما کر ثواب دارین کے مستحق بنیں۔

محمد نواب خان چشتی (سکریٹری مدرسہ ہذا) 9308027782

مسائل نکاح

نکاح اس عقد کو کہتے ہیں جس سے دو اجنبی مرد وعورت کے درمیان میاں بیوی کا رشتہ پختہ ہوجائے اور مرد کو عورت سے صحبت وغیرہ کرنا حلال ہوجائے۔ یہ عام حالت میں جب کہ نہ بہت زیادہ شہوت کا غلبہ ہو، مرد میں مردانگی کی قوت موجود ہو، عورت سے صحبت کرنے پر قادر ہو، مہر اور بیوی کا خرچ وغیرہ برداشت کرنے کی طاقت رکھتا ہو تو سنت مؤکدہ ہے۔ یعنی اب نکاح نہ کرنے پر اڑا رہنا گناہ ہے۔ بلکہ حرام کاری سے بچنے، سنت رسول اور قرآن کے حکم کو پورا کرنے اور اولاد ہونے کی نیت کرے تو ثواب بھی ملے گا۔ ہاں اگر محض لذت حاصل کرنا اور شہوانی ضرورت پوری کرنا مقصد ہو تو کوئی ثواب نہیں، نہ ہی سنت ہے اور نہ ہی قرآن کی پاسداری۔ (درمختار)

یاد رکھنے کی باتیں: مرد کو یہ یقین ہو کہ نکاح نہ کرنے سے زنا کا گناہ ہوجائے گا یا دوسرے غلط طریقے اپنانے پڑیں گے تو اب نکاح کرنا فرض ہے۔ اگر یہ ڈر ہے کہ نکاح کرے گا تو مہر اور کھانا خرچا نہیں دے سکے گا تو فرض نہیں اور اگر ان باتوں کا یقین ہے تو حرام ہوگا۔ نکاح ایجاب وقبول سے مکمل ہوتا ہے یعنی ایک کہے کہ میں نے اپنے کو تیری زوجیت میں دیا اور دوسرا کہے، میں نے قبول کیا۔ ان کو نکاح کا رکن کہا جاتا ہے، جس میں پہلے کو ایجاب کہتے ہیں اور دوسرے کو قبول کہتے ہیں۔ نکاح میں دو گواہ بھی ہوتے ہیں جن کا ایجاب وقبول کے وقت ہونا شرط ہے۔

خطبہ نکاح

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَنَسْتَعِيْنُهٗ وَنَسْتَغْفِرُهٗ وَنُؤْمِنُ بِهٖ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْهِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ۔ وَمَنْ يُّضْلِلْهُ فَلَا هَادِىَ لَهٗ۔ وَاَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ۔ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ☆ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ يٰاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ مِنْ نَفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّ خَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّ نِسَآءً۔ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِىْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ۔ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا۔ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقَاتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ۔ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْلَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا۔ قال النبىُ صلى الله عليه وسلم۔

اَلنِّكَاحُ مِنْ سُنَّتِىْ فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِىْ فَلَيْسَ مِنِّىْ

مولائے کائنات حضرت علی مشکلشاں

کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم

نام ونسب اور خاندانی حالات: علی نام، ابوالحسن اور ابوتراب کنیت، حیدر لقب، والد کا نام ابوطالب، والدہ کا فاطمہ اور دادا کا عبدالمطلب جو حضور انور ﷺ کے بھی دادا تھے۔ پردادا کا نام ہاشم ابن عبدمناف، یہ مکہ معظمہ کے سب سے ذی اثر بزرگ تھے۔ ان کی اولاد کو بنی ہاشم کہتے ہیں بنی ہاشم کعبہ کے متولی تھے۔ ان کو تمام عرب میں مذہبی بالادستی اور خصوصی امتیاز حاصل تھا۔

حضرت علی کے والد ماجد جناب ابوطالب اور حضور اکرم ﷺ کے والد بزرگوار حضرت عبداللہ ماں جائے بھائی تھے یعنی حضرت علی حضور کے چچیرے بھائی ہیں۔

جناب ابوطالب حضرت عبدالمطلب کے جانشین تھے اور تمام بنی ہاشم نے ان کو بڑا مان لیا تھا۔ اپنی عظمت، وجاہت، نیک مزاجی اور

شرافت کی بنا پر مکہ کے نہایت ذی اثر بزرگ تھے۔حضرت عبدالمطلب کے انتقال کے بعد جناب ابوطالب ہی نے حضور انور ﷺ کو اپنی آغوش کفالت میں لیا تھا۔اس وقت حضور انور کی عمر شریف آٹھ سال کی تھی۔ ابو طالب آپ سے اس قدر محبت رکھتے تھے کہ آپ کے مقابلہ میں اپنے لڑکوں کی بھی پروانہیں کرتے تھے۔سوتے تو آپ کو ساتھ لے کر سوتے اور سفر میں جاتے تو آپ کو ساتھ لے کر جاتے بعثت نبوی کے بعد تمام عرب حضور کا دشمن ہو گیا تھا۔اور قریش نے ہر طرح کی ایذادی اس وقت صرف ابوطالب ہی آپ کے پشت پناہ تھے۔اور اپنی جان کو خطرہ میں ڈال کر آپ کی پشت پناہی کی ہے۔

قریش نے رسول خدا ﷺ کی پشت پناہی اور حمایت کی وجہ سے ابوطالب اور ان کے خاندان کو طرح طرح کی تکلیفیں پہنچائیں۔حضور کے ساتھ ان کو بھی تین سال تک شعب ابی طالب میں

(جو پہاڑی درہ ہے) محصور کر دیا۔اس پوری مدت میں یہ اہتمام تھا کہ ان لوگوں کے پاس کھانے پینے کا کوئی سامان نہ جاسکے۔ بالآخر

طلح کے پتے کھا کر تین سال کی طویل مدت بسر کی گئی۔غرض ہر طرح ابوطالب کو ایذا پہنچائی گئی۔مگر اس نیک طینت بزرگ نے آخری لمحۂ حیات تک اپنے عزیز بھتیجے کے سر سے دست شفقت نہ اٹھایا۔

حضرت علی کی والدہ ماجدہ حضرت فاطمہ بھی ہاشمی تھیں۔انہوں نے ماں کی طرح بے حد شفقت و محبت سے آمنہ کے یتیم کی پرورش کی۔علانیہ اسلام قبول کیا۔حضور انور ﷺ عہد نبوت میں بھی ان کو ماں کہا کرتے تھے۔ان کا انتقال ہوا تو کفن میں اپنا مقدس پیراہن پہنایا۔اور قبر میں لیٹ کر اس کو انوار اور فیوض و برکات سے معمور فرما دیا۔اور یہ ارشاد فرمایا"ابوطالب کے بعد سب سے زیادہ اسی نیک سیرت خاتون کا ممنون احسان ہوں۔"

سال ولادت اور مقام ولادت: کہا گیا ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم بعثت نبوی سے دس سال پہلے پیدا ہوئے آپ کی والدہ ماجدہ کعبہ شریف میں زیارت کے لئے گئی تھیں۔ وہیں آپ کی ولادت ہوئی۔

حلیہ: رنگ گندمی اور کھلتا ہوا۔ چہرہ نہایت حسین اور ہنستا ہوا،

قد متوسط اور موزوں، آنکھیں بڑی اور نہایت خوبصورت، اعضا نہایت سڈول، اور بے حد مضبوط ، جوان ہوئے تو آپ کی قوت وطاقت فوق الادراک تھی۔ بڑے سے بڑے پہلوان بھی آپ کے سامنے گرد تھے۔ آپ کے ہاتھوں میں اللہ نے معجزنما قوت بخشی تھی اسی لیے آپ کو یداللہ کہتے ہیں۔آخر میں سر مبارک اور ریش مقدس کے بال سفید ہو گئے تھے۔

پرورش: جناب ابوطالب کثیر العیال اور پریشان حال تھے۔ اس لیے حضور ﷺ نے علی کی پرورش اپنے ذمہ لے لی، اس وقت سے وہ آپ کی کفالت میں رہنے لگے۔آپ ہی کی آغوش کفالت میں جوان ہوئے اور اسی ظل رحمت میں تربیت محمدی کے تمام کمالات حاصل کئے حتیٰ کہ سرچشمۂ ولایت ہو گئے۔ چنانچہ سلسلۂ اولیاء اللہ کی تمام نہریں آپ ہی سے نکلی ہیں۔اور بقول اکابر طریقت جو شخص ولی ہوا ہے وہ آپ ہی کے فیض و توسط سے اس درجہ پر فائز ہوا ہے اور آئندہ بھی ایسا ہی ہوگا۔اسی لیے ارباب طریقت آپ کے بیحد گرویدہ ہیں اور آپ کو مرشد اعظم مانتے ہیں۔

حضرت علی معیار ایمان ہیں

حضور اکرم ﷺ کا ارشاد ہے:

لا یحبك الا مومن،

ولا یبغضك الا منافق۔

اے علی تم سے وہی محبت رکھے گا جو مومن ہے،

اور تم سے وہی بغض رکھے گا جو منافق ہے۔

(ترمذی، نسائی، ابن ماجہ)

دار العلوم غوثیہ چشتیہ

سیکٹر 23، ایف بلاک، سنجے کالونی، فرید آباد

اپنے تمام صدقات، زکوٰۃ، عطیات وغیرہ سے دار العلوم ہذا کو تعاون فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

عبد الجلیل چشتی چیئرمین مدرسہ ہذا

9810771935

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہر کہ را جاوید باید جنتُ الماویٰ بہشتُ
دائماً با صدق خواند شجرۂ پیرانِ چشتُ

شجرۂ منظوم پیرانِ سلسلہ عالیہ چشتیہ

یا الٰہَ العٰلمین حمد وثنا کا واسطہ
سید الکونین احمد مجتبیٰ کا واسطہ

یا الٰہی شافع روز جزا کا واسطہ
نورِ حق حضرت محمد مصطفیٰ کا واسطہ

معاف فرما دے خطائیں سب کی اے آمرزگار
مرتضیٰ مولا علی شیر خدا کا واسطہ

تھی رضاعت حضرت اُمّ سلمیٰ کی جن کو نصیب
وہ حسن بصری شہہ جود وسخا کا واسطہ

مصدرِ کشف و کرامت، صاحب زہد وورع
آں فضیل ابن عیاض اَہل صفا کا واسطہ

صدقہ حضرت خواجہ ابراہیم ادہم کا ملے
مرعشی خواجہ حذیفہ مقتدا کا واسطہ

حضرت خواجہ ہبیرہ بصری کی چشم کرم
دینوری ممشا دعلوے پیشوا کا واسطہ

خواجہ بو اسحاق شامی پاکباز و پاک بیں
خواجہ بو احمد کے قلب پُر ضیا کا واسطہ

ناصح الدین بو محمد بن ابو احمد کا فیض
خواجہ بو یوسف امام الاصفیا کا واسطہ

خواجہ سید قطب دیں مودودی شیخ جن وانس
زندنی حاجی شریف پارسا کا واسطہ

خواجۂ عثمانِ ہارونی شہہ اقلیم فقر
حضرت خواجہ معین الدین پیا کا واسطہ

بختیار کاکی خواجہ قطب الاقطاب زمن
ہاں محمد جان چشتی با خدا کا واسطہ

خواجہ عبد رحمٰن چشتی محرم اسرار حق
حضرت بُرہان دیں قبلہ نما کا واسطہ

کنج نشیں خواجہ اسد اللہ چشتی بھکری
شاہ عبداللہ چشتی آشنا کا واسطہ

شیخ پوری خواجہ قطب الدین ثانی نازِ فقر
خواجۂ محمودِ حقانی ادا کا واسطہ

ہو عنایت کی نظر شاہِ عنایت اللہ کی
حاجی مولانا فصیح با حیا کا واسطہ

اور محمد شہہ ملیح چشتی جانِ معرفت
شاہ رحمٰن حسین بے ریا کا واسطہ

شاہ فخر الدین حسین شیخ پوری کا ہو ساتھ
سید شاہِ شجاعت رہنما کا واسطہ

چشتی شیخ شیخ پورہ سیدی احمد حسین
شاہ سلطان احمد نورِ ہدیٰ کا واسطہ

چشتیوں کا شجرہ ہو سرسبز الٰہی تا ابد
شاہ قطب الدین احمد اولیاء کا واسطہ

کر دے میرا نامۂ اعمال یارب خوب تر
شاہ عین الدین چشتی کی رضا کا واسطہ

جنوری 2023ء	دن چشتی	جمادی الآخر ۱۴۴۴ھ	پوس ۱۴۳۰ فصلی	پوس ۱۴۲۹ بنگلہ	پوس ۱۹۴۴ ساکا	پوس ۲۰۷۹ بکرمی	قیام قمر در برج	سعد و نحس بحساب نجوم	نچھتر	اعراس وصال / تعطیلات میلہ
1	اتوار	۸	۲۴	۱۶	۱۱	۱۰	حمل	سعد	اشونی	عرس حضرت سید شاہ محمد احسان علی حقانی رضی اللہ عنہ
2	پیر	۹	۲۵	۱۷	۱۲	۱۱	//	//	بھرنی	عرس خواجہ شمس الدین پانی پتی رضی اللہ عنہ
3	منگل	۱۰	۲۶	۱۸	۱۳	۱۲ شدی	ثور	نحس	کرتیکہ	عرس حضرت عبدالقادر شاہ ناگپوری رضی اللہ عنہ
4	بدھ	۱۱	۲۷	۱۹	۱۴	۱۳	//	سعد	روہنی	عرس سید العلماء سید آل مصطفیٰ مارہروی رضی اللہ عنہ
5	جمعرات	۱۲	۲۸	۲۰	۱۵	۱۴	جوزا	نحس	مرگ شرش	عرس حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رضی اللہ عنہ
6	جمعہ	۱۳	۲۹	۲۱	۱۶	۱۵	//	سعد	آدرا	سیدنا امام غزالی
7	سنیچر	۱۴	ماگھا ۱	۲۲	۱۷	بدی ماگھ ۱	//	//	پونرسو	عرس تاج محمود حقانی رضی اللہ عنہ شیخ پورہ نوادہ
8	اتوار	۱۵	۲	۲۳	۱۸	۱	سرطان	نحس	پشیے	
9	پیر	۱۶	۳	۲۴	۱۹	۲	//	سعد	آشلش	عرس حاجی علی ملنگ (بمبئی) رضی اللہ عنہ
10	منگل	۱۷	۴	۲۵	۲۰	۳	//	نحس	آشلش	
11	بدھ	۱۸	۵	۲۶	۲۱	۴	اسد	سعد	مگھا	عرس شاہ عالم احمد آباد رضی اللہ عنہ
12	جمعرات	۱۹	۶	۲۷	۲۲	۵	//	//	پورو پھالگنی	عرس علامہ ظفر الدین بہاری رضی اللہ عنہ
13	جمعہ	۲۰	۷	۲۸	۲۳	۶	سنبلہ	//	اُترا پھالگنی	عرس بندگی سید علی احمد گجراتی رضی اللہ عنہ
14	سنیچر	۲۱	۸	۲۹	۲۴	۷	//	//	ہست	عرس مولوی اسحٰق حسین چھپروی رضی اللہ عنہ
15	اتوار	۲۲	۹	ماگھا ۱	۲۵	۸	میزان	//	چترا	عرس امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

۱۴ جمادی الآخر۔

عرس تاج محمود حقانی چشتی رضی اللہ عنہ شیخ پورہ نوادہ

جنوری 2023ء	چشتی جنتری	جمادی الآخر ۱۴۴۴ھ	ماگھ ۱۴۳۰ فصلی	ماگھ ۱۴۲۹ بنگلہ	پوس ۱۹۴۴ شک	پوس وماگھ ۲۰۷۹ بکرمی	قیام قمر در بروج	سعد و نحس ایام شرعی	نچھتر	اعراس وصال / تعطیلات میلہ
16	پیر	۲۳	۱۰	۲	۲۶	۹	میزان	سعد	سواتی	خلافت حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ
17	منگل	۲۴	۱۱	۳	۲۷	۱۰	〃	نحس	وشاکھا	
18	بدھ	۲۵	۱۲	۴	۲۸	۱۱	〃	〃	انورادھا	عرس سید محمد میاں مارہروی رضی اللہ عنہ
19	جمعرات	۲۶	۱۳	۵	۲۹	۱۲	〃	〃	جیوشٹھا	عرس عبدالواحد بغدادی رضی اللہ عنہ
20	جمعہ	۲۷	۱۴	۶	۳۰	۱۳/۱۴	قوس	سعد	مول	عرس حضرت مولانا فخرالدین دہلوی رضی اللہ عنہ
21	سنیچر	۲۸	۱۵	۷	ماگھ ۱	۳۰	〃	〃	پوروا اشاڑھ	عرس سید شاہ چندا حسینی (رائچور) رضی اللہ عنہ
22	اتوار	۲۹	۱۶	۸	۲	سدی ۱	جدی	نحس	سرون	چاند دیکھئے ☾
23	پیر	۳۰	۱۷	۹	۳	۲	〃	سعد	دھنشٹہ	
24	منگل	رجب ۱	۱۸	۱۰	۴	۳	دلو	نحس	ستبھیسہ	عرس خواجہ مودود چشتی رضی اللہ عنہ
25	بدھ	۲	۱۹	۱۱	۵	۴	〃	〃	پوروبھادرا	وصال حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ
26	جمعرات	۳	۲۰	۱۲	۶	۵	حوت	سعد	اترابھادرا	یوم جمہوریہ / عرس مخدوم شاہ ایوب ابدالی رضی اللہ عنہ
27	جمعہ	۴	۲۱	۱۳	۷	۶	〃	نحس	ریوتی	
28	سنیچر	۵	۲۲	۱۴	۸	۷	حمل	〃	اشونی	وصال سیدنا امام موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ
29	اتوار	۶	۲۳	۱۵	۹	۸	〃	〃	بھرنی	عرس سلطان الہند حضرت خواجہ غریب نواز رضی اللہ عنہ
30	پیر	۷	۲۴	۱۶	۱۰	۹	ثور	سعد	کرتیکہ	عرس شیخ ہدایت اللہ چشتی (گیا) رضی اللہ عنہ
31	منگل	۸	۲۵	۱۷	۱۱	۱۰	〃	نحس	روہنی	عرس شاہ عبدالرب (کراپ شریف) رضی اللہ عنہ

قمر در عقرب

عرس مبارک سلطان الہند سرکار غریب نواز رضی اللہ تعالیٰ عنہ اجمیر شریف

مورخہ ۶/ رجب المرجب مطابق ۲۹/ جنوری ۲۰۲۳ء

فروری 2023ء	چشتی جنتری	رجب المرجب ۱۴۴۴ھ	ماگھ ۱۴۳۰ فصلی	ماگھ ۱۴۲۹ بنگلہ	ماگھ ۱۹۴۴ شک	ماگھ وپھاگن ۲۰۷۹ بکرمی	قیام قمر در بروج	سعد و نحس ایام شرعی	نچھتر	اعراس وصال / تعطیلات میلہ
1	بدھ	۹	۲۶	۱۸	۱۲	سدی ۱۱	ثور	نحس	مرگ شرش	عرس حضرت شمس تبریز رضی اللہ عنہ
2	جمعرات	۱۰	۲۷	۱۹	۱۳	۱۲	جوزا	〃	آدرا	عرس حضرت خواجہ شریف زندانی رضی اللہ عنہ
3	جمعہ	۱۱	۲۸	۲۰	۱۴	۱۳	〃	〃	پونرسو	عرس سیدنا ابوالحسین احمد نوری مارہروی رضی اللہ عنہ
4	سنیچر	۱۲	۲۹	۲۱	۱۵	۱۴	سرطان	سعد	پونرسو	عرس حضرت عباس رضی اللہ عنہ
5	اتوار	۱۳	۳۰	۲۲	۱۶	۱۵	〃	نحس	پشیے	ولایت حضرت علی شیر خدا رضی اللہ عنہ
6	پیر	۱۴	پھاگن ۱	۲۳	۱۷	بدی پھاگن ۱	〃	〃	آشلش	عرس حضرت خواجہ عبداللہ چشتی شیخ پورہ نوادہ
7	منگل	۱۵	۲	۲۴	۱۸	۲	اسد	〃	مگھا	عرس سیدنا امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ
8	بدھ	۱۶	۳	۲۵	۱۹	۳	〃	سعد	پوروپھالگنی	عرس حضور محدث اعظم ہند رضی اللہ عنہ
9	جمعرات	۱۷	۴	۲۶	۲۰	۳	سنبلہ	〃	اتراپھالگنی	وفات مولانا محمد بنارس
10	جمعہ	۱۸	۵	۲۷	۲۱	۴	〃	نحس	ہست	عرس حضرت صلاح الدین شاہ رضی اللہ عنہ
11	سنیچر	۱۹	۶	۲۸	۲۲	۵	〃	〃	چترا	عرس شاہ بسنت (پٹنہ) رضی اللہ عنہ
12	اتوار	۲۰	۷	۲۹	۲۳	۶	میزان	〃	سواتی	عرس حضرت چمنی شاہ بابا (دھنباد) رضی اللہ عنہ
13	پیر	۲۱	۸	۳۰	۲۴	۷	〃	سعد	وشاکھا	عرس مولانا محمد شفیع اکاڑوی پاکستان رضی اللہ عنہ
14	منگل	۲۲	۹	پھاگن ۱	۲۵	۸	عقرب	نحس	انورادھا	فاتحہ سیدنا امام جعفر صادق (کونڈے کا نیاز)

قمر در عقرب

۱۴/ ۱۵/ رجب المرجب مطابق ۶، ۷، فروری بروز پیر، منگل

عرس مبارک قطب وقت غوث زماں حضرت خواجہ سید عبداللہ چشتی

علیہ الرحمۃ والرضوان خانقاہ چشتیہ، شیخ پورہ نوادہ

فروری 2023ء	چشتی جنتری	رجب المرجب ۱۴۴۴ھ	پھاگن ۱۴۳۰ فصلی	پھاگن ۱۴۲۹ بنگلہ	ماگھ ۱۹۴۴ شک	پھاگن ۲۰۷۹ بکرمی	قیام قمر در بروج	سعد و نحس ایام شرعی	نچھتر	اعراس وصال / تعطیلات میلہ
15	بدھ	۲۳	۱۰	پھاگن ۲	۲۶	۹/۱۰	عقرب	نحس	جیوشٹھا	عرس حضرت معشوق ربانی رضی اللہ عنہ
16	جمعرات	۲۴	۱۱	۳	۲۷	۱۱	قوس	〃	مول	عرس مخدوم علاء الحق پنڈوی رضی اللہ عنہ
17	جمعہ	۲۵	۱۲	۴	۲۸	۱۲	〃	سعد	پوروا اشاڑھ	عرس شاہ منصور شہید (گیا) رضی اللہ عنہ
18	سنیچر	۲۶	۱۳	۵	۲۹	۱۳	جدی	سعد	اترا اشاڑھ	شب معراج (رجبی شریف) صلی اللہ علیہ وسلم
19	اتوار	۲۷	۱۴	۶	۳۰	۱۴	〃	نحس	سرون	عرس سیدنا شیخ جنید بغدادی رضی اللہ عنہ
20	پیر	۲۸	۱۵	۷	پھاگن ۱	۳۰	دلو	سعد	دھنشٹہ	عرس حضرت فضیلت حسین در بھنگوی رضی اللہ عنہ
21	منگل	۲۹	۱۶	۸	۲	۱/۲	〃	نحس	ستبھیسہ	چاند دیکھئے ☾
22	بدھ	شعبان ۱	۱۷	۹	۳	سدی ۲	حوت	نحس	اترابھادرا	عرس محدث اعظم پاکستان مولانا سردار احمد رضی اللہ عنہ
23	جمعرات	۲	۱۸	۱۰	۴	۴	〃	سعد	ریوتی	وصال امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ
24	جمعہ	۳	۱۹	۱۱	۵	۵	حمل	نحس	اشونی	عرس سیدنا ابوالفرح طرطوسی رضی اللہ عنہ
25	سنیچر	۴	۲۰	۱۲	۶	۶	〃	نحس	بھرنی	
26	اتوار	۵	۲۱	۱۳	۷	۷	〃	نحس	کرتیکہ	عرس سیدنا غلام محی الدین امیر عالم مارہروی
27	پیر	۶	۲۲	۱۴	۸	۸	ثور	سعد	روہنی	عرس شیخ سید محمد کالپی شریف رضی اللہ عنہ
28	منگل	۷	۲۳	۱۵	۹	۹	〃	نحس	روہنی	عرس شیخ ابوسعید مخزومی رضی اللہ عنہ

قمر در عقرب

چشتی جنتری دھلی میں

کتب خانہ مزار حضرت قطب الدین بختیار کاکیؒ مہرولی شریف

مارچ 2023ء	چشتی جنتری	شعبان المعظم ۱۴۴۴ھ	پھاگن ۱۴۳۰ فصلی	پھاگن ۱۴۲۹ بنگلہ	پھاگن ۱۹۴۴ شک	پھاگن وچیت ۲۰۷۹ بکرمی	قیام قمر در بروج	سعد و نحس ایام شرعی	نچھتر	اعراس وصال / تعطیلات میلہ
1	بدھ	۸	۲۴	۱۶	۱۰	سدی ۹	جوزا	سعد	مرگ شرش	عرس سید جمال شاہ پچروکھی رضی اللہ عنہ
2	جمعرات	۹	۲۵	۱۷	۱۱	۱۰	جوزا	نحس	آدرا	
3	جمعہ	۱۰	۲۶	۱۸	۱۲	۱۱	جوزا	نحس	پونرسو	عرس مخدوم اشرف (جیتھو شریف) رضی اللہ عنہ
4	سنیچر	۱۱	۲۷	۱۹	۱۳	۱۲	سرطان	سعد	پشیے	عرس مخدوم شرف الدین یحییٰ منیری رضی اللہ عنہ
5	اتوار	۱۲	۲۸	۲۰	۱۴	۱۳	سرطان	نحس	آشلش	عرس مجاہد اہل سنت شاہ فیض الدین سرمست
6	پیر	۱۳	۲۹	۲۱	۱۵	۱۴	اسد	نحس	مگھا	
7	منگل	۱۴	۳۰	۲۲	۱۶	۱۵	اسد	نحس	پوروپھالگنی	شب برأت / عرس قطب الدین ثانی چشتی بیرونٹہ شیخ پورہ نوادہ
8	بدھ	۱۵	چیت ۱	۲۳	۱۷	بدی چیت ۱	اسد	سعد	اتراپھالگنی	عرس صوفی صبغۃ اللہ رضی اللہ عنہ
9	جمعرات	۱۶	۲	۲۴	۱۸	۲	سنبلہ	نحس	ہست	عرس استاذ العلماء مولانا خیف قادری رضی اللہ عنہ
10	جمعہ	۱۷	۳	۲۵	۱۹	۳	سنبلہ	نحس	چترا	عرس صفی اللہ دادا جی کلکتوی رضی اللہ عنہ
11	سنیچر	۱۸	۴	۲۶	۲۰	۴	میزان	نحس	چترا	عرس صوفی فقیر محمد لیاقت حسین تیغی رضی اللہ عنہ
12	اتوار	۱۹	۵	۲۷	۲۱	۵	میزان	سعد	سواتی	عرس شاہ ولی مبارک حسین رضی اللہ عنہ
13	پیر	۲۰	۶	۲۸	۲۲	۶	عقرب	نحس	وشاکھا	
14	منگل	۲۱	۷	۲۹	۲۳	۷	عقرب	نحس	انورادھا	عرس حضرت سید رسول نما بنارسی رضی اللہ عنہ
15	بدھ	۲۲	۸	۳۰	۲۴	۸	عقرب	نحس	جیوشٹھا	عرس مفتی اعظم اڑیسہ رضی اللہ عنہ

قمر در عقرب

چشتی جنتری رام گڑھ میں

دلکش بک ڈپو، سوداگر محلہ

مارچ 2023ء	چشتی جنتری	شعبان المعظم ۱۴۴۴ھ	پھاگن ۱۴۳۰ فصلی	چیت ۱۴۲۹ بنگلہ	پھاگن ۱۹۴۴ ساکا	پھاگن ۲۰۷۹ بکرمی	قیام قمر در بروج	سعد و نحس بحساب نجومی	نچھتر	اعراس وصال / تعطیلات میلہ
16	جمعرات	۲۳	۹	۱	۲۵	۹	قوس	سعد	پُروااشاڑھ	
17	جمعہ	۲۴	۱۰	۲	۲۶	۱۰	قوس	نحس	اُترااشاڑھ	عرس حضرت بسم اللہ شاہ قادری مبارک پوری رضی اللہ عنہ
18	سنیچر	۲۵	۱۱	۳	۲۷	۱۱	جدی	سعد	سرون	عرس حضرت قطب الدین چونپوری رضی اللہ عنہ
19	اتوار	۲۶	۱۲	۴	۲۸	۱۲/۱۳	جدی	نحس	دھنشٹھ	عرس شاہ انوار الحق لکھنوی رضی اللہ عنہ
20	پیر	۲۷	۱۳	۵	۲۹	۱۴	دلو	نحس	ستبھیسہ	
21	منگل	۲۸	۱۴	۶	۳۰	۳۰	دلو	سعد	پوروبھادرا	عرس حضرت ولی اللہ شاہ بخاری رضی اللہ عنہ
22	بدھ	۲۹	۱۵	۷	۱ چیت	۱	حوت	سعد	اُترابھادرا	چاند دیکھئے ☪
